© rasailojaraid.com


طوبیٰ ڈائری بھی جامعۃ البنات اہل حدیث کھوکھر کی (گوجرانوالہ) کی پیشکش ہے، جو گزشتہ سال کی طرح اس مرتبہ بھی ایک منفرد انداز سے طبع کی گئی ہے ـــــ تمام ضروری معلومات کے علاوہ جابجا آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبویہ پر مبنی دعوتی اور اصلاحی تحریریں شاملِ اشاعت ہیں ـــــ بہنوں کے لیے یہ ایک گراں قدر تحفہ ہے، جب کہ مرد حضرات کے لیے بھی یکساں مفید!

ڈائری پر قیمت درج نہیں! ـــــ ٹائیٹل کی پشت پر جامعۃ البنات کے اشتہار میں مخیر حضرات سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے عطیات جامعہ کے اکاؤنٹ میں جمع کرا کے اس کارِ خیر میں حصہ لیں اور عنداللہ ماجور ہوں ـــــ جامعہ کا اکاؤنٹ نمبر درج ذیل ہے:

۷-۶۰۰۶۱ حبیب بینک کھوکھر کی برانچ گوجرانوالہ پاکستان

---

نام کتاب : عرفانیات۔

مصنّف : فضل الرحمان فضلؔ، بی۔اے

ضخامت : ۱۱۲ صفحات ـــــ قیمت : -/۳۰ روپے

ناشر : ادارہ دعوتِ قرآن ۱/۱۱۶ بالمقابل شمالی دروازہ مسجد جٹاں اچھرہ لاہور ۱۶

سفید کاغذ، کتابت وطباعت عمدہ

زیرِ نظر کتاب جناب فضل الرحمان فضلؔ کے حمدیہ، نعتیہ کلام اور قومی وملّی منظومات پر مشتمل ہے۔ آپ کی متعدد نظمیں قارئین محدّث کی خدمت میں بذریعہ "محدّث" پیش کی جا چکی ہیں ـــــ سلیس و آسان زبان اور چھوٹے چھوٹے مصرعوں کی صورت میں آپ بڑی روانی سے اپنے توحید وسنت کے رنگ میں رنگے ہوئے دلی جذبات کی ترجمانی فرماتے چلے جاتے ہیں ـــــ یوں کہیے کہ ان کا کلام عقیدۂ توحید وسنت کی تبلیغ کی ایک بہترین صورت ہے ـــــ ساتھ ہی ساتھ اپنے اس عقیدہ کے پیشِ نظر آپ قومی وملّی مسائل کے حل اور انسانیت کی اصلاح کے لیے بھی بے چین نظر آتے ہیں ـــــ حمد میں اگر آپ اللہ رب العزّت کی بارگاہ میں عبودیت کا تحفہ بڑے تذلّل اور عاجزی سے پیش کرتے ہیں، تو نعت میں رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی غلو سے پاک انتہائی عقیدت ومحبت کے اظہار کے علاوہ شانِ رسالت کی بھرپور ترجمانی فرماتے اور اطاعتِ رسولؐ کی اہمیت پر پُر زور بیان صرف کرتے ہیں ـــــ اللہ رب العزّت سے دعاء ہے کہ وہ آپ کو عقیدۂ توحید وسنت کی مزید معرفت، اس کی مزید خدمت کی توفیق ارزانی فرمائے اور آپ کے اس مجموعۂ کلام کو شرفِ قبولیت سے نوازے ـــــ آمین!

© rasailojaraid.com